# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## ڈپارٹمنٹ آف سول انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی رکن کو این بی سی کا ایک کروڑ ترپن لاکھ کی مالیت کا تحقیقی پروجیکٹ ملا

New Delhi, December 10, 2025

حکومت ہند کے تحت، نورتن سینٹرل پبلک سیکٹر انٹرپرائز این بی سی (بھارت) لمٹیڈ نے ڈپارٹمنٹ آف سول انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی رکن کو ایک کروڑ ترپن لاکھ کی مالیت کا تحقیقی پروجیکٹ دیا ہے۔ پروجیکٹ میں نینو سیمنٹ اور نینو ایڈیٹیو سمیت ترقی یافتہ مواد کے استعمال سے کنکریٹ کی اعلی کارکردگی سے متعلق تحقیق شامل ہے۔ ڈاکٹر عباد الرحمٰن اور ڈاکٹر امیر مظہر اس پروجیکٹ کو انجام دیں گے۔ ڈاکٹر رحمان، پروجیکٹ کے پرنسپل انویسٹی گیٹر ہیں جن کے نام پہلے ہی سے ترقی یافتہ سیمنٹ اور کنکریٹ ٹکنالوجی کے میدان میں کئی پیٹنٹ موجود ہیں۔

پروفیسر فرحان اے قدوائی اور پروفیسر قمر الحسن م، صدر شعبہ سول انجینئرنگ کے زیر نگرانی پروجیکٹ کا اولین خاکہ طے پایا تھا۔ پروفیسر حسن نے یونیورسٹی میں تحقیق کے فروغ کے لیے سازگار ماحول کی تعمیر کے لیے صاحب بصیرت شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے عالی وقار مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا۔

پروجیکٹ کا مقصد صنعت کے لیے تیار حل پیدا کرنا ہے جسے ملک بھر میں بڑے پیمانے پر ڈھانچے کے لیے اختیار کیا جاسکے۔ ہندوستان کی اہم ڈھانچہ جاتی ضرورت اور پائے داری سے متعلق چیلنج سے نمٹنے کے لیے یہ اقدام این بی سی اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مشترکہ جدید ترین اور اطلاقی تحقیق کے فروغ کے وژن سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔

صدر، شعبہ سول انجینئرنگ نے کہا کہ این بی سی (انڈیا) لمٹیڈ کی جانب سے اس پروجیکٹ میں تعاون کا اعزاز ملا ہے۔ کنکریٹ ٹکنالوجی اور پائے داری کے میدان میں نینو مواد میں ہورہی ترقیات کو نظر آنے والی بہتری میں منتقل کرنے کا یہ اہم موقع ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ